[This question paper contains 3 printed pages]

**Your Roll No.** : ...............................

**Sl. No. of Q. Paper** : **3640 I**

Unique Paper Code : 2145001006

Name of the Paper : Study of Urdu Prose-II

Name of the Course : **G.E. : Urdu**

Semester : I

***Time : 3 Hours*** ***Maximum Marks : 90***

**Instructions for Candidates :**

Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

1۔ مندرجہ ذیل اقتباسات سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے۔

P.T.O.

(الف)

"جب تک دنیا میں کتے موجود ہیں اور بھونکنے پر مصر ہیں سمجھ لیجیے کہ ہم قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں اور پھر ان کتوں کے بھونکنے کے اصول بھی تو کچھ نرالے ہیں یعنی ایک تو متعدی مرض ہے اور پھر بچوں بوڑھوں سبھی کو لاحق ہے اگر کوئی بھاری بھرکم اسفندیار کتا کبھی کبھی اپنے رعب اور دبدبے کو قائم رکھنے کے لیے بھونک لے تو ہم بھی چاروناچار کہہ دیں کہ بھئی بھونک (اگر ایسے وقت میں اس کو زنجیر سے بندھا ہونا چاہیے) لیکن یہ کم بخت دوروزہ سہ روزہ دو دو تین تین تولے کے پلے بھی بھونکنے سے باز نہیں آتے، باریک آواز ذرا سا پھیپھڑا، اس پر بھی اتنا زور لگا کر بھونکتے ہیں کہ آواز کی لرزش دم تک پہنچتی ہے اور پھر بھونکتے ہیں چلتی موٹر کے سامنے آ کر گویا اسے روک ہی تو لیں گے۔"

(ب)

"کچھ دن ہوئے ایک مڈل فیل خانساماں ملازمت کی تلاش میں آنکلا اور آتے ہی ہمارا نام اور پیشہ پوچھا پھر سابق خانساماؤں کے پتے دریافت کیے۔ نیز یہ کہ آخری خانساماں نے ملازمت کیوں چھوڑی؟ باتوں باتوں میں انہوں نے یہ عندیہ بھی لینے کی کوشش کی کہ ہم ہفتے میں کتنی دفعہ باہر





مدعو ہوتے ہیں اور باورچی خانے میں چینی کے برتنوں کے ٹوٹنے کی آواز سے ہمارے اعصاب اور اخلاق پر کیا اثر مرتب ہوتا ہے۔ ایک شرط انہوں نے یہ بھی لگائی کہ اگر گرمیوں کی چھٹیوں میں پہاڑ پر جائیں گے تو پہلے "عوضی مالک" پیش کرنا پڑے گا"۔

2۔ پطرس بخاری کی سوانح حیات پر روشنی ڈالیے۔

3۔ غالب کی خطوط نگاری پر بحث کیجیے۔

4۔ حالی کی مضمون نگاری پر گفتگو کیجیے۔

5۔ انشائیہ 'مظلوم کی فریاد' کا جائزہ لیجیے۔

6۔ مشتاق احمد یوسفی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے

7۔ علامہ راشد الخیری کی مضمون نگاری پر بحث کیجیے۔

8۔ حالی کے سوانحی حالات بیان کیجیے۔

9۔ غالب کی جدید نثری خدمات کا جائزہ لیجیے۔

***